احسن العقائد

اصولِ دین
توحید
عدل
نبوّت
اِمامت
معاد

اردو ترجمہ

شرح بابِ حادی عشر

تصنیف
سرکار علامہ حلّی علیہ الرحمۃ

شارح
علامہ فاضل مقداد علیہ الرحمۃ

ناشر
رحمت اللہ بک ایجنسی
بالمقابل بڑا امام باڑہ، کھارادر، کراچی ۷۴۰۰۰
فون ۲۴۳۱۵۷۷

سید ذوالفقار علی شاہ مشہدی

احسن العقائد

اردو ترجمہ

شرح باب حادی عشر

تصنیف

سرکار علامہ حلی علیہ الرحمۃ

شارح

علامہ فاضل مقداد علیہ الرحمۃ

ترجمہ و تشریح

علامہ السید محمد قاسم صاحب قبلہ زیدی مدظلہ العالی

ناشر

رحمت اللہ بک ایجنسی

بالمقابل بڑا امام باڑہ، کھارادر، کراچی ۷۴۰۰۰

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ　　ان کا راستہ کہ جن پر تو نے نعمتیں نازل کی ہیں

یعنی اے انسان صراطِ مستقیم (عقائد حقہ و اعمال صالحہ) کو خود معلوم کرنے کی کوشش نہ کرنا بلکہ صراطِ مستقیم کو ہمارے ان بندوں سے معلوم کرنا جن پر ہماری مخصوص نعمتیں ہیں۔ اگر صراطِ مستقیم کا معلوم کرنا انسان کے بس کی بات ہوتی۔ تو صراط الذین انعمت علیہم فرمانے کی ضرورت نہ ہوتی بلکہ سورہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ پر ختم ہو جاتا۔

پس نبی نوعِ انسان جس شخص کی طرف تحصیل کمال نوعِ انسانی و بقاء بر کمال نوعِ انسانی میں محتاج ہیں۔ اسی شخص کو ہم نبی یا امام کہتے ہیں۔

نبوت و امامت کمالات اکتسابیہ کے ذریعہ حاصل نہیں ہو سکتی

نبوت و امامت من جانب اللہ ہوتی ہے۔ ان کی غرض و غایت معلوم کرنے کے لیے ہمیں قرآن مجید کو دیکھنا ہو گا۔ غرض و غایت معلوم ہو جانے کے بعد واضح ہو جائے گا کہ نبوت و امامت کا مستحق کون ہے۔

قرآن مجید سورۂ نساء رکوع ۹ میں ارشاد ہوتا ہے :-

وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ　　ہم نے کسی رسول کو نہیں بھیجا لیکن اس لیے کہ باذن خدا اس کی اطاعت کی جائے

رسول مطاع ہونے میں ماذون من اللہ ہے۔

آیت مذکورہ میں باری تعالیٰ نے بعثت رسول کی غرض صرف یہ قرار دی ہے کہ رسول کی اطاعت کی جائے۔ یہ امر بھی واضح ہے کہ جو غرض بعثت رسول کی ہے وہی غرض نصب امام کی

ہے۔ اس لیے کہ امام نبی کا قائم مقام ہوتا ہے۔

اطاعت کی دو قسمیں ہیں (۱) اطاعت غیر واقعیہ (۲) اطاعت واقعیہ

اطاعت غیر واقعیہ وہ اطاعت ہے جو کسی دباؤ یا لالچ کی وجہ سے ہو

اطاعت واقعیہ وہ اطاعت ہے کہ جو کسی دباؤ یا لالچ کی وجہ سے نہ ہو

ان دونوں اطاعتوں میں فرق یہ ہے کہ اطاعت غیر واقعیہ میں جسم جھک جاتا ہے۔ لیکن نفس نہیں جھکتا۔ اور اطاعت واقعیہ میں نفس جھکتا ہے ــــــــ نفس کامل کی اطاعت واقعیہ کرتا ہے۔ انبیاء و ائمہ کی اطاعت غیر واقعیہ نہیں ہو سکتی اس لیے کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

لَآ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ — دین میں کوئی جبر و اکراہ نہیں ہے

فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ — جس کا دل چاہے ایمان لے آئے اور

فَلْيَكْفُرْ — جس کا دل چاہے کفر اختیار کر لے

انبیاء و ائمہ علیہم السلام کی اطاعت، اطاعت واقعیہ ہوتی ہے۔ اس لیے نبی و امام کو تمام کمالات میں امت سے افضل ہونا چاہیے۔ اگر افضل نہ ہوگا تو نبی نبی نہ رہے گا اور امام امام نہ رہے گا۔ اس لیے کہ اگر امت میں کوئی شخص کسی کمال یا صفت میں نبی یا امام سے برابر یا مساوی ہوگا تو اطاعت ختم ہو جائے گی جب اطاعت ختم ہوئی تو نبوت و امامت بھی ختم کیوں کہ نبوت و امامت کی غرض اطاعت ہی تھی۔

اگر نبی کو نبوت اور امام کو امامت کمالات اکتسابیہ کی وجہ سے مل سکتی ہے۔ تو اس پر کیا دلیل ہے کہ جن کمالات کی وجہ سے نبی کو نبوت اور امام کو امامت ملی ہے۔ ان کمالات کو امت میں سے کوئی حاصل نہیں کر سکتا جس طریقہ سے نبی یا امام نے یہ کمالات حاصل کیے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ امتیوں سے بھی کوئی شخص ان کمالات کو حاصل کر لے بلکہ یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی امتی ان کمالات